مہتممین اور قومی اخبارات کے دفاتر کا دورہ کیا اور جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام ۱۳ مارچ کو لاہور میں ہونے والی کانفرنس تحفظ علماء کنونشن کا دعوت نامہ قائد جمعیت مولانا سمیع الحق کی طرف سے پہنچایا گیا۔

جمعیت علماء اسلام کا اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس: جمعیت علماء اسلام کا اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس ۶ مارچ کو اکوڑہ خٹک میں قائد جمعیت مولانا سمیع الحق کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں مرکزی مجلس عاملہ کے ارکان کے علاوہ صوبائی امراء ونظماء اور اہم قائدین نے شرکت کی ، اجلاس میں حکومت کی طرف سے لبرل پاکستان کے اعلان، غازی ممتاز قادری کی شہادت اور پنجاب اسمبلی کے حقوق خواتین قانون اوران سے پیدا ہونے والی نازک صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔اس سلسلے میں پانچ رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی جو علماء مشائخ اور مدارس کے منتظمین کو کنونشن میں شرکت کی دعوت دے گی، جبکہ صوبہ سندھ کیلئے مولانا حافظ احمد علی خیبر پختونخوا کیلئے مولانا محمد اسرائیل، پنجاب کیلئے مفتی خالد محمود اظہر ،ضلع رحیم یار خان وضلع ڈیرہ غازی خان کیلئے مولانا محمد اسعد درخواستی اور قبائل کیلئے مولانا عبدالحیٔ حقانی کو ذمہ داری سونپی گئی جبکہ مولانا بشیر احمد شاد اور مولانا مفتی خالد اظہر ،مولانا حامد الحق حقانی ،مولانا عبدالرؤف فاروقی ،مولانا سید یوسف شاہ اور جناب ظہیر الدین بابر انتظامی کمیٹی کے ممبران ہوں گے، اسلام آباد ،راولپنڈی میں علماء کوعوت دینے کی ذمہ داری مولانا عبدالخالق اور مولانا محمد رمضان علوی کے سپرد کی گئی۔

مہمانوں کی آمد: جامعہ مدنیہ لاہور کے مولانا محمود میاں ،چکوال سے مولانا عبدالقدوس نقشبندی قاسمی ،مولانا حبیب الرحمٰن قاسی ،مولانا امتیاز ، حضرو سے مولانا راشد علی زئی ،مولانا قاری چمن محمد ،مولانا قمر الاسلام ،مولانا محمد رضوان ،مولانا مفتی رشید احمد اور بلوچستان کے کالجوں اور مدارس کے تقریباً ڈیڑھ درجن نوجوان شامل تھے۔اس کے علاوہ شیخ موسیٰ عراقی وفد سمیت کراچی سے تشریف لائے۔

دعائے مغفرت کی اپیل: حضرت مولانا سمیع الحق صاحب وحضرت مولانا انوار الحق صاحب ،جامعہ اشرفیہ لاہور کے مہتمم حضرت مولانا عبید اللہ المفتی کی تعزیت کیلئے تشریف لے گئے ،اور جامعہ اشرفیہ کے مہتمم حضرت مولانا فضل رحیم صاحب ،نائب مہتمم مولانا ارشد عبید صاحب ،مولانا حافظ زبیر حسن ،مولانا اجود عبید، مولانا اسد عبید اور دیگر اساتذہ و صاحبزادگان سے دلی تعزیت کی۔ ۶ ؍ مارچ ۲۰۱۶ء کو حضرت مولانا سمیع الحق صاحب اقرا کالج کے پرنسپل معراج الدین رہنما جماعت اسلامی کی وفات پر خیر آباد گئے۔ نماز جنازہ میں شرکت کی اور تعزیتی خطاب فرمایا ، ناظم دفتر جناب محمد عارف کے والد جناب محمد صفدر اور ناظم الحق نثار محمد کے چچازاد بھائی محمد سلیم انتقال فرماگئے ۔قائد محترم نے جنازہ پڑھایا۔رفیق مؤتمر المصنفین کے معاون مولانا محمد فہد کی چچی جان بھی وفات پاگئیں۔مولانا عبدالقدیر کی والدہ بھی گزشتہ دنوں وفات پاگئیں اللہ تعالیٰ ان تمام کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔